# میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# 28فروری2018

## پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں داخلہ جاتی عمل 7فروری کو ہوگا بند، 9 نئے کورسیز کا آغاز

نئی دہلی:

ایک ہفتہ کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ میں داخلہ جاتی عمل بند ہو جائے گا۔ دفتر برائے کنٹرولرامتحانات نے بتایا کہ 19-2018 سیشن کے لئے بی ٹیک، بی آرک، ایم فل، پی ایچ ڈی ، انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ، ڈپلوما، سرٹیفیکیٹ، پی جی ڈپلوما، ایڈوانس ڈپلوما میں خواہش مند امیدوار 7مارچ تک فارم، پر کر سکتے ہیں، اس کے بعد داخلہ جاتی عمل بند کر دیا جائے گا۔

دریں اثنا یہ بھی اطلاع ہے کہ جامعہ اسکول نے چھٹی، نویں اور گیارہویں کلاسوں کے لئے فارم جاری کر دیا ہے جو کہ 28مارچ تک جاری رہے گا۔

اس مرتبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تقریبا 9 نئے کورسیز بھی شروع کئے ہیں جو لائبریری اور انفارمیشن سائنس، پی جی ڈپلوما ان ایرا سپیس لاء، ڈپلوما ان کورین لنگویج، سرٹیفیکٹ ان ٹیکیٹنگ ایر فیر کنسٹرکشن، سرٹیفیکیٹ ان ٹور گائڈینس اینڈ لیڈرشپ، سرٹیفیکٹ ان اسکورٹنگ اینڈ ٹور مینجمنٹ، سرٹیفیکیٹ ان میڈیکل اینڈ ویلنیس ٹوریزم، ایم ایس سی ان ڈیساسٹر مینجمنٹ، کلائیمنٹ سسٹینیبلٹی اسٹڈیز اینڈ پی جی ڈپلوما ان لیبر لاء کے نام سے ہیں۔

اس کے علاوہ جامعہ IXاور XI کے لئے جامعہ گرلز سینئر سکینڈری اسکول (سیلف فائنس) میں بھی داخلہ جاتی عمل شروع ہو گیا ہے۔

مختلف کورسوں میں امتحانات سینٹرز 6 مختلف شہروں یعنی پٹنہ، لکھنؤ، سرینگر، گواہاٹی، کالی کٹ، کولکاتہ اور دہلی میں منعقد کی جائیں گی۔

آن لائن فارم اور ای پراسپیکٹس جامعہ کی ویب سائٹ www.jmicoe.in پر دستیاب ہے۔


جاری کردہ:

پروفیسر صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر